
# ٹیچرز گائیڈ

## میں مور لینے ایمپریس
## مارکیٹ جا رہی ہوں

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

10 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ آپ میں سے کون کون اپنے امی / ابو یا دوسرے گھر والوں کے ساتھ خریداری کے لئے بازار / مارکیٹ جاتا ہے۔

  - باری باری بچوں سے بازار یا مارکیٹ کا نام پوچھیں اور پوچھیں کہ وہ بازار میں کون کون سی چیزوں کی دکانیں دیکھتے ہیں۔

  - بچوں کو بتائیں کہ کچھ مارکیٹ ایسی ہوتی ہیں جہاں طرح طرح کی چیزیں ملتی ہیں۔ کراچی میں ایسی ہی ایک مارکیٹ ایمپریس مارکیٹ ہے۔ آج ہم اس مارکیٹ کے بارے میں کتاب پڑھیں گے۔

15 منٹ

- 8 - 6 بچوں سے کتاب کے ایک ایک صفحے کی پڑھائی کرائیں۔ مشکل الفاظ پڑھنے میں بچوں کی مدد کریں۔

  - بچوں سے پوچھیں کہ ایمپریس مارکیٹ میں کیا کیا ملتا ہے۔

15 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ کس کس بچے نے ایمپریس مارکیٹ دیکھی ہے؟ کیا وہ بھی کبھی خریداری کے لئے اس مارکیٹ میں گئے ہیں؟ اگر ہاں تو انہوں نے وہاں کیا دیکھا؟

  - ایمپریس مارکیٹ کے بارے میں کتاب کے آخری صفحہ پر دی گئی معلومات پڑھ کر سنائیں۔ بچوں کو مارکیٹ کی تصویریں دکھائیں اور بتائیں کہ جو عمارتیں بہت سال پرانی ہوتی ہیں انہیں تاریخی (historical) عمارت کہتے ہیں۔

  - بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ کسی تاریخی عمارت کے بارے میں جانتے ہیں۔ پاکستان کی چند تاریخی عمارتوں کے نام بچوں کو بتائیں۔ جیسے: موہٹہ پیلس (کراچی)، شاہجہان مسجد (ٹھٹھہ) بادشاہی مسجد (لاہور)۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- اپنے امی / ابو کی مدد سے کسی تاریخی عمارت کا نام اور جس شہر میں عمارت ہے اس کا نام لکھ کر لائیں۔

# سیشن 2

15 منٹ
- بچوں کا ہوم ورک دیکھیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ اگر ہوم ورک میں املا کی غلطیاں ہوں تو اصلاح کریں۔

10 منٹ
- جن بچوں نے اب تک کتاب کی پڑھائی نہیں کی ہے ان میں سے 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کرائیں۔

20 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ صفحہ نمبر 14 پر بنی تصویر دیکھیں اور بتائیں کہ دکان میں کون کون سی سبزیاں ہیں۔

- بورڈ پر 2 کولم بنائیں۔ پہلے کولم میں کوئی سی 10 سبزیوں کے نام اردو میں لکھیں۔ بچوں سے ان سبزیوں کے انگریزی نام پوچھیں اور درست نام دوسرے کولم میں لکھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ یہ کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

| vegetables | سبزیاں |
|---|---|
| turnip | شلجم |
| carrot | گاجر |
| radish | مولی |
| onion | پیاز |
| potato | آلو |
| peas | مٹر |
| lemon | لیمو |

| vegetables | سبزیاں |
|---|---|
| cauliflower | پھول گوبھی |
| cabbage | بند گوبھی |
| okra | بھنڈی |
| brinjal | بینگن |
| tomato | ٹماٹر |
| cucumber | کھیرا |
| bitter gourd | کریلا |

# سیشن 3

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • نیچے دیئے گئے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ان الفاظ میں سے کسی 5 الفاظ کے جملے بنائیں۔<br>مارکیٹ محل لوگ کپڑے مصالحے مچھلی سبزیاں برتن جھاڑو پھل<br>- جب بچے کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر کام میں ان کی مدد کریں۔ |
| 20 منٹ | • بچوں سے کہیں کہ کتاب کے صفحہ 20 - 19 پر دی گئی تصویریں دیکھیں۔ بچوں سے نیچے دیئے گئے سوالات پوچھیں۔<br>1) اس تصویر میں آپ کو کون سے جانور نظر آ رہے ہیں؟<br>2) آپ کو کون سے جانور / پرندے اچھے لگتے ہیں؟<br>3) کیا کسی کے گھر میں کوئی پالتو جانور / پرندہ ہے؟<br>4) اگر ہے تو وہ کیا کھاتا پیتا ہے؟<br>5) کون اس کا خیال رکھتا ہے؟<br>- بچوں کو بتائیں کہ جو جانور / پرندے ہم گھروں میں پالتے ہیں وہ پالتو جانور کہلاتے ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ اپنے پالتو جانور / پرندے کے حوالے سے کوئی واقعہ سنائیں۔ |
| 10 منٹ | • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں کسی بھی جانور / پرندے کی ڈرائنگ کر کے اس میں رنگ بھریں اور اس کے جسم کے مختلف حصوں کے نام لکھیں۔ جیسے: سر پاؤں دم چونچ پر آنکھیں پنجے ٹانگیں<br>- جن بچوں کا کام مکمل نہ ہو وہ گھر جا کر مکمل کر لیں۔ |

## گھر کا کام

| | |
|---|---|
| 5 منٹ | • کتاب کے صفحہ نمبر 16 - 1 تک سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔ |

# سیشن 4

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے 10 الفاظ کا املا کرائیں۔

ایمپریس مارکیٹ بھائی ساتھ بلڈنگ محل لوگ کپڑے گئیں مصالحے
مچھلی جھینگے کیکڑے سبزیاں برتن جھاڑو جائیں دیکھ نہیں یہاں

15 منٹ
- املا کی اصلاح کرائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 18 - 17 پر دی گئی تصویریں دیکھیں کہ ان میں کون کون سے پھل نظر آ رہے ہیں؟ پھر باری باری بچوں سے ان پھلوں کے نام پوچھیں۔

- ہر بچے سے پوچھیں کہ ان کا پسندیدہ پھل کون سا ہے اور وہ پھل انہیں کیوں پسند ہے؟
- بچوں سے پوچھیں کہ پھل بازار میں کہاں سے آتے ہیں؟
- بچوں کے جوابات سننے کے بعد بتائیں کہ پھل کے باغ ہوتے ہیں جہاں سے یہ منڈی میں آتے ہیں۔ منڈی سے یہ پھل ہمارے گھر سے نزدیک بازار میں آتے ہیں۔ بازار سے امی / ابو ہمارے لئے خرید کر لاتے ہیں۔

- بچوں کو بتائیں کہ پھل اور سبزیاں کھانا ہماری صحت کے لئے بہت اچھا ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ پھل بغیر پکائے کھائے جاتے ہیں لیکن کچھ سبزیاں کچی کھائی جا سکتی ہیں اور کچھ صرف پکا کر کھاتے ہیں۔ کچی کھائی جانے والی سبزی: گاجر مولی سلاد کا پتہ کھیرا ٹماٹر پیاز۔
- بچوں سے کہیں کہ اگلے سیشن میں ہم کلاس میں فروٹ چاٹ اور سلاد بنائیں گے۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- گھر سے کوئی ایک پھل یا سلاد کے لئے سبزی لے کر آئیں۔ اگر آلو یا مٹر لائیں تو ابال کر لائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

اگلے سیشن (سیشن 5) کے لئے چند پلیٹوں، چمچوں بڑے پیالوں اور چھریوں کا بندوبست کریں۔

# سیشن 5

20 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ مارکیٹ جانے والی بچی کی نانی مارکیٹ میں کیا چیزیں دیکھ رہی تھیں؟ بچوں کے جوابات سننے کے بعد ان سے کچن میں استعمال ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیں؟ بچوں کی مدد سے بورڈ پر کچن میں استعمال ہونے والے برتنوں کی فہرست بنائیں۔ بچے یہ کام کو پی میں لکھیں۔

| کچن میں استعمال ہونے والی چیزیں | | | |
|---|---|---|---|
| پلیٹ | چولہا | ماچس | توا |
| دیگچی | فرائنگ پین | کیتلی | کڑاہی |
| آٹے کا ڈبہ | کپ | چھری | کانٹا |
| چمچ | ڈش | گلاس | جگ |

## ٹیچر کے لئے نوٹ

20 منٹ

- فروٹ چاٹ اور سلاد بنانے سے پہلے اسکول کی چند اساتذہ کو مدد کے لئے بلا لیں۔ بچے چھری استعمال نہ کریں۔ ٹیچر سبزی اور پھل کاٹیں، بچے ملائیں۔ تمام پھل/ سبزیاں کاٹنے سے پہلے دھو لیں۔ ہاتھ بھی دھو لیں۔
  - بچوں کے 2 گروپ بنائیں۔ گروپ 1 کو فروٹ چاٹ اور گروپ 2 کو سلاد بنانے کا کام دیں۔ کم از کم 2 ٹیچرز ہر گروپ کی مدد کریں۔
  - بچوں کو چاٹ کھلائیں۔ اگر چاہیں تو چاٹ کھلانے سے پہلے فروٹ چاٹ اور سلاد ملا لیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- اگلے سیشن میں سوال جواب کا کام ہو گا۔ اپنے گھر سے کتاب کی پڑھائی کر کے آئیں۔

# سیشن 6

20 منٹ

- کہانی سے متعلق چند سوال بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ سوال اپنی کوپی میں لکھیں اور ان کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں۔

1) بچی ایمپریس مارکیٹ کیوں گئی تھی؟

2) وہ کس کے ساتھ ایمپریس مارکیٹ گئی تھی؟

3) بچی کو ایمپریس مارکیٹ کی بلڈنگ کیسی لگی؟

4) بچی کو وہاں کن کن چیزوں کی دکانیں نظر آئیں؟

5) بچی نے مارکیٹ میں مور دیکھ کر کیا کہا؟

10 منٹ • بچوں سے مور کے بارے میں ایک پہیلی پوچھیں۔

**پہیلی:** ایک جانور ایسا جس کی دم پر پیسہ

- بچوں سے اور پہلیاں پوچھیں۔

15 منٹ • مور کے بارے میں ایک نظم بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ اس کو گانے کی طرح گا کر سنائیں۔ اس دوران کلاس میں نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں۔

## گانا

مورنی او مورنی یہ بتلاؤ مورنی
مور بے چارے سے تم نے کٹی کیوں کرلی

مور بیچارہ بھولا بھالا
سیدھا سادھا پیارا پیارا

اس نے بگاڑا تیرا کیا
آخر یہ بتلا دے ذرا

اس کے سر پر تاج ہے
باغوں میں بھی راج ہے

لڑنا بری بات ہے
جا مور کو منا

مورنی او مورنی یہ بتلاؤ مورنی
مور بے چارے سے تم نے کٹی کیوں کرلی

## ٹیچر کے لئے نوٹ

• یہ سہیل رعنا کا بچوں کے لئے ایک مشہور گانا ہے۔ اگر ہو سکے تو اس گانے کی CD کلاس میں منگوائیں اور بچوں کو سنائیں۔

# میں مور لینے ایمپریس مارکیٹ جا رہی ہوں

## ٹیچرز گائیڈ


bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk



Not For Sale